الیکشن کمیشن آف پاکستان

اسلام آباد 9 ستمبر 2015

مقامی حکومتوں کے انتخابات برائے پنجاب

(پولنگ ایجنٹس کے لیے ضابطہ اخلاق)

نوٹیفکیشن

نمبر-F.4(10)/2015-LGE(P):- اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی شق (3)218 وشق 219 اور پنجاب لوکل گورنمنٹ (الیکشن) رولز، 2013 کے رُول 78 کے تحت حاصل شدہ اختیارات اور دیگر تمام حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے الیکشن کمیشن نے پنجاب میں آئندہ مقامی حکومتوں کے انتخابات اور اس کے بعد ہونے والے ضمنی انتخابات کے لئے متعین پولنگ ایجنٹس کے لئے مندرجہ ذیل ضابطہ اخلاق جاری کیا ہے جس کی پابندی تمام پولنگ ایجنٹس کے لئے لازم ہوگی:-

1۔ پولنگ اسٹیشن میں داخلے کے لیے ضروری ہے کہ پولنگ ایجنٹ کے پاس اپنے امیدوار یا اس کے الیکشن ایجنٹ کی طرف سے جاری کردہ اختیار نامہ اور اصلی قومی شناختی کارڈ موجود ہو۔ اس کے بغیر پولنگ اسٹیشن میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی۔

2۔ پولنگ ایجنٹس کو چاہیے کہ وہ پولنگ اسٹیشن میں اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے سے پہلے انتخابی عمل اور متعلقہ قوائد وضوابط کے بارے میں مکمل آگاہی حاصل کر لیں تا کہ انہیں اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے سرانجام دینے میں کوئی دشواری نہ ہو۔

3 ۔ پولنگ ایجنٹس پولنگ اسٹیشن کے اندر یا اس کے باہر 400 میٹر کی حدود میں کسی ووٹر کو اپنے امیدوار کے لیے ووٹ ڈالنے کا نہیں کہیں گے۔

4۔ پولنگ ایجنٹ کسی ایسے رائے دہندہ پر اعتراض کر سکتا/سکتی ہے۔ جو اس کے خیال میں کسی اور رائے دہندہ کی جگہ ووٹ ڈالنے آیا/آئی ہے یا پہلے سے ووٹ ڈال چکا/چکی ہے۔ پولنگ ایجنٹ کو چاہیے کہ پورا اطمینان کرنے کے بعد ایسے رائے دہندہ کا معاملہ پریذائیڈنگ افسر یا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر کے علم میں لائے۔ ہر اعتراض کے لئے پولنگ ایجنٹ مبلغ پچاس (50) روپے فیس پریذائیڈنگ افسر کے پاس جمع کرا کے رسید حاصل کر لے۔

5۔ پولنگ ایجنٹ کے لیے ضروری ہے کہ وہ صرف ایسے رائے دہندہ پر اعتراض کرے جس کے متعلق اسے پورا یقین ہو کہ وہ اصل رائے دہندہ نہیں ہے۔ بلاوجہ ہر رائے دہندہ پر اعتراض کرنے سے مکمل گریز کریں کیوں کہ اس طرح انتخابی عمل میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے، جس کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

6۔ اگر پولنگ ایجنٹ کسی پولنگ اسٹیشن / بوتھ میں کوئی قانونی بے ضابطگی ہوتی دیکھے تو اس پر وہ اعتراض ضرور اٹھائے لیکن پولنگ ایجنٹ کے لیے لازم ہے کہ وہ پریذائیڈنگ افسر کو اپنا اعتراض مہذب اور دھیمے لہجے میں پیش کرے۔

7۔ پولنگ ایجنٹس کو معلوم ہونا چاہیے کہ بینائی سے محروم اور دیگر معذور افراد کو قانون اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ وہ اپنی مدد کے لیے ایک ساتھی پولنگ بوتھ کے اندر لے جاسکتے ہیں لہذا ایسی صورت میں اعتراض سے گریز کرنا چاہیے۔

8۔ پولنگ ایجنٹ کسی طور پر بھی ایسی صورت حال پیدا نہ کریں جو انتخابی عمل میں رکاوٹ کا باعث بنے یا جس سے پولنگ اسٹیشن پر امن وامان کا مسئلہ پیدا ہو۔

9۔ پولنگ ایجنٹس کو چاہیے کہ وہ خواتین رائے دہندگان کا احترام کریں اور کوئی ایسی بات نہ کریں جس سے ان رائے دہندگان کو اپنی رائے کے اظہار میں کسی مشکل کا سامنا کرنا پڑے۔

10۔ جب پولنگ افسر کسی رائے دہندہ کا انتخابی فہرست میں نام با آواز بلند پکارے تو پولنگ ایجنٹ کو اسے دھیان سے سننا چاہیے تا کہ وہ اس کی تصدیق اپنی انتخابی فہرست سے کر سکے۔

11۔ پولنگ ایجنٹس ووٹوں کی گنتی کے بعد پریذائیڈنگ افسر کی تصدیق شدہ گنتی کے گوشوارہ اور بیلٹ پیپر کے حساب کی نقول ضرور حاصل کریں۔ تا کہ وہ انہیں اپنے امیدوار کو دکھا سکیں۔

12۔ پولنگ ایجنٹ کو جانبدارنہ فیصلہ دینے یا بے بنیاد الزامات عائد کرنے سے مکمل گریز کرنا چاہیے۔

13۔ پولنگ ایجنٹ کو یہ بات اچھی طرح سے ذہن نشین ہونی چاہیے کہ پولنگ اسٹیشن کو قانون کے مطابق چلانے کی ذمہ داری پریذائیڈنگ افسر کی ہوتی ہے اس لیے اس کے معاملات میں بے جا مداخلت سے مکمل گریز کرنا چاہیے۔

بحکم الیکشن کمیشن

Fida
9.9.2015
(فدا محمد)
ایڈیشنل سیکریٹری

I. **Copy forwarded for information to the:**

(1) Secretary to the President, Aiwan-e-Sadar, Islamabad.
(2) Secretary to the Prime Minister, Prime Minister's Secretariat, Islamabad.
(3) Secretary, Establishment Division, Islamabad.
(4) Secretary, Cabinet Division, Islamabad.
(5) Secretary, Ministry of Defence, Rawalpindi.
(6) Secretary, Ministry of Parliamentary Affairs, Govt. of Pakistan, Islamabad.
(7) Secretary, Ministry of Interior, Government of Pakistan, Islamabad.
(8) Chief Secretary, Government of the Punjab, Lahore.
(9) Secretary, Local Government & Community Development Department, Government of the Punjab, Lahore.

II. **Copy forwarded to the Provincial Election Commissioner, Punjab, Lahore for dissemination to all concerned.**

III. **Copy also forwarded to the:**

(1) Protocol Officer to Hon'ble CEC.
(2) PS to Hon'ble MEC-I, II, III & IV.
(3) SPS to Secretary.
(4) PS to Additional Secretary (Training).
(5) PA to Additional Secretary (Admn.)
(6) All officers of ECP, Secretariat.
(7) Deputy Director (Web) for uploading the same on ECP's website.

} ECP Secretariat, Islamabad.

(Irfan Kausar)
Deputy Director (LGE-P)